© rasailojaraid.com



مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین

# تعارف وتبصرہ کتب

## • شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی: حیات وخدمات

مؤلفین: مولانا سعید الحق جدون، مولانا مفتی بخت شید ضخامت: ۲ جلد ۱۱۰۰ سو صفحات

ناشر: دارالارشاد للنشر والتوزیع (الارشاد اکیڈمی) صوابی 03139803280

شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ مدنی نوراللہ مرقدہ خواص اور عامۃ الناس کے حلقوں میں محتاج تعارف نہیں، ماضی قریب کی علمی وروحانی شخصیات میں حضرت شیخ کا نام نامی نمایاں اورعیاں ہے، انہوں نے اپنی متاع حیات قرآن وسنت کی تعبیر وتشریح، فروغ واشاعت دین، اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت اورعمل کیلئے وقف کی ہوئی تھی، درس، تدریس، وعظ وتبلیغ، تصنیف وتالیف ان کا مشغلہ خاص رہا ہے، جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں سالہا سال (یعنی آخری دم تک) درس وتدریس سے منسلک رہے اور تشنگان علوم نبوت کو سیراب کرتے رہے، ان کی موت کے بعد ان کی حیات و خدمات پر ماہنامہ ''الحق'' نے خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا اوران کی زندگی پر ضخیم کتاب شائع کی تاہم اس پر مستقل کتاب لکھنے کی ضرورت باقی تھی اس ضرورت اور تشنگی کا احساس کرتے ہوئے مولانا سعید الحق جدون اور مفتی بخت شید صاحبان نے اس کا ازالہ کردیا اور ایک ضخیم کتاب مرتب کر کے منظر عام پر لانے کی سعادت حاصل کی۔

زیر تبصرہ کتاب ''شیخ الحدیث شیر علی شاہ مدنی حیات وخدمات'' مولانا سعید الحق جدون اور مفتی بخت شید کی ایم فل مقالہ اور حضرت شیخ کی زندگی پر مستقل علمی کاوش ہے جس میں حضرت شیخ کی پوری زندگی علمی، سیاسی، جہادی خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے، ان دونوں صاحبان کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی طرف سے اس تاریخی کاوش پر ایم فل کی ڈگری بھی تفویض کی گئی، یہ کتاب ۲ جلدوں اور سولہ ابواب پر مشتمل ہے، جس کا اجمالی خاکہ کچھ یوں ہے۔باب اول: شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ کے سوانح حیات، باب دوم: حضرت شیخ الحدیث کی سیرت وکردار کے مختلف پہلو اور مختلف گوشے، باب سوم: حضرت شیخ کی علمی مقام اقوال علماء اور معاصرین کی روشنی میں، باب چہارم: حضرت شیخ کی تدریسی خدمات، باب پنجم: حضرت شیخ کا اسلوب درس وتدریس، باب ششم: حضرت شیخ کی تفسیری خدمات ان کے تالیفات اور درسی افادات کی روشنی میں، باب ہفتم: حضرت شیخ کے دور ہائے تفسیر اپنے شیوخ کے طرز و اسلوب پر، باب ہشتم: حضرت شیخ کی

© rasailojaraid.com